# Pak-Gulf Leasing Company Limited

## اطلاع برائے غیر معمولی اجلاس عام

اطلاع دی جاتی ہے کہ پاک گلف لیزنگ کمپنی لمیٹڈ کا ایک غیر معمولی اجلاس عام کمپنی کے رجسٹرڈ آفس بنام یونیبر وہاؤس، گراؤنڈ فلور، پلاٹ نمبر 114، 9th ایسٹ اسٹریٹ، فیز-I، ڈیفنس ہاؤسنگ اتھارٹی، کراچی-75500 پر بروز جمعہ، 22 اپریل 2022ء کو دوپہر 12:30 بجے مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائیگا:

**عمومی امور:**

1۔ اٹھائیسویں سالانہ اجلاس عام منعقدہ 26 نومبر 2021ء کی تحریری کارروائی کی توثیق۔

2۔ 22 اپریل 2022ء سے شروع ہونے والی آئندہ تین سال کی مدت کے لئے کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 159 کے مطابق کمپنی کے 09 (نو) ڈائریکٹرز کا انتخاب۔

مندرجہ ذیل سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز نئے ڈائریکٹرز کے انتخاب پر اپنے عہدوں سے فارغ ہو جائینگے:

1۔ جناب سہیل انعام الٰہی
2۔ جناب پرویز انعام
3۔ جناب فواد سلیم ملک
4۔ بریگیڈیئر نوید نصر خان (ر)
5۔ جناب اسمٰعیل ایچ احمد
6۔ جناب جان علی خان جونیجو
7۔ جناب نعیم علی محمد منشی
8۔ محترمہ نوعین احمد

کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن (1)159 کے تحت منتخب ہونے والے ڈائریکٹرز کی تعداد موجودہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 09 (نو) متعین کی ہے۔ فی الوقت سبکدوش ہونے والے ڈائریکٹرز کو اپنے آپ کو دوبارہ الیکشن میں حصہ لینے کی آزادی ہوگی۔

**دیگر امور:**

3۔ چیئرمین کی اجازت سے دیگر امور کی انجام دہی۔

**بحکم بورڈ**

سلیمان چھاگلہ

**کمپنی سیکریٹری**

کراچی: یکم اپریل 2022ء

**نوٹس:**

1۔ کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 16 اپریل 2022ء سے 22 اپریل 2022ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔

2۔ کوئی بھی رکن جو ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے کا خواہش مند ہے، چاہے سبکدوش ہوانے والا/والی ڈائریکٹر ہو یا دیگر، بطور ڈائریکٹر انتخاب کے لئے اپنے ارادے کا نوٹس اجلاس کی تاریخ سے کم از کم چودہ (14) دن قبل کمپنی کو اس کے رجسٹرڈ آفس پر مندرجہ ذیل دستاویزات کے ساتھ جمع کرانا ہوگا:

a۔ کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 167 کے تحت فارم 28 پر بطور ڈائریکٹر کام کرنے کی رضامندی۔

b۔ کمپنی کی ویب سائٹ پر اپلوڈ کے لئے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ SRO 634(1)/2014 بتاریخ 10 جولائی، 2014ء کے تحت مطلوب اپنے دفتر کے پتہ کے ساتھ تفصیلی پروفائل۔

c۔ نان بینکنگ فنانس کمپنیز اینڈ نوٹیفائیڈ اینٹیٹیز ریگولیشنز، 2008ء (این بی ایف سی ریگولیشنز) کے Annexure A کے مطابق معلومات اور دستاویزات۔

d۔ این بی ایف سی ریگولیشنز کے Annexure B میں نان جیوڈیشل پیپر پر مقررہ حلف نامہ۔

e۔ تصدیقی وضاحت کہ:

i۔ وہ کمپنیز ایکٹ 2017ء کمپنی کے میمورنڈم اینڈ آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن اور پاکستان اسٹاک ایکسچینج کے لسٹنگ ریگولیشنز کے تحت ڈائریکٹر کی ذمہ داریوں سے واقف ہے۔

ii۔ وہ لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس)، ریگولیشنز 2017ء کی ضروریات کمپنیز ایکٹ 2017ء کے تحت تیار کردہ صلاحیت اور این بی ایف سی ریگولیشنز کے شیڈول IX میں دیئے گئے فِٹ اینڈ پراپر معیار کے معیار پر پورا اترتے ہیں۔

iii۔ وہ ڈائریکٹر کے طور پر بیک وقت سات (7) لسٹڈ کمپنیز میں خدمات انجام نہیں دے رہے ہیں۔ یہ حد لسٹڈ ہولڈنگ کمپنی کی لسٹڈ سبسڈیریز میں ڈائریکٹرشپ میں شامل نہیں ہے۔

3۔ ممبران کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء کے قوانین کے تحت پوسٹل بیلٹ یا ای ووٹنگ کرنے کا حق استعمال کر سکتے ہیں۔

4۔ غیر معمولی اجلاس عام میں شرکت اور رائے دہی کا/کی اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت کرنے اور رائے دہی کیلئے پروکسی مقرر کر سکتا/سکتی ہے پروکسی کا کمپنی کا ممبر ہونا لازمی ہے۔

5۔ پروکسی کی تقرری کے دستاویزات اور پاور آف اٹارنی یا دیگر اتھارٹی جس کے تحت اسے دستخط کیا ہو یا پاور آف اٹارنی کی تصدیق شدہ نقل اجلاس ہٰذا کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ آفس پر جمع کرانا لازمی ہوگا۔

6۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے دی گئی ہدایات کی مزید پیروی کرنی ہوگی۔

**الف)۔ اجلاس میں شرکت کیلئے:**

i)۔ افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا فرد کو جن کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات قوائد کے مطابق اپ لوڈ ہوں، انہیں اپنی شناخت کیلئے اصل سی این آئی سی یا/اصل پاسپورٹ اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔

ii)۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخطی نمونے (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔

**ب)۔ پراکسی کی تقرری کیلئے:**

i)۔ افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا شخص کی جنکی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات قوائد کے مطابق اپ لوڈ ہوں، پروکسی فارم انہیں مندرجہ بالا شرائط کے مطابق جمع کروانا ہوگا:

ii)۔ پروکسی فارم پر دو اشخاص کی گواہی ہونی چاہیئے جن کے نام، پتہ اور سی این آئی سی نمبرز فارم میں درج ہوں۔

iii)۔ ممبران اور پروکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پروکسی فارم کے ہمراہ منسلک ہونا چاہیئے۔

iv)۔ پروکسی کو اجلاس کے موقع پر اپنا اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

v)۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) پروکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو پیش کرنا ہوگا۔

7۔ ڈائریکٹرز کے انتخاب کے لئے این بی ایف سی ریگولیشنز کے ریگولیشن 10 کے تحت سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی پیشگی منظوری درکار ہے۔ امیدواران سے درخواست ہے کہ ان قوانین، کمپنیز ایکٹ 2017 اور کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2017ء میں متذکرہ ڈائریکٹرز کی تقرری/انتخاب سے متعلق دیگر قوانین کا بغور مطالعہ کریں اور لیٹر اینڈ اسپرٹ دونوں میں اس کی تعمیل کو یقینی بنائیں۔

8۔ آزاد ڈائریکٹر کا انتخاب کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 159 کی شرائط میں ڈائریکٹر کے انتخاب کی کارروائی کے تحت کیا جائے گا اور ان کا کمپنیز ایکٹ 2017ء کی دفعہ 166 کے تحت دیئے گئے معیار پر پورا اترنا لازم ہوگا۔

9۔ حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں کمپنی رجسٹرار کو فوری مطلع کریں۔

### کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)166 کے تحت مادی حقائق کا گوشوارہ

یہ گوشوارہ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ (3)166 کے تحت خودمختار ڈائریکٹران کی تقرری کے سلسلے میں مادی حقائق کو ظاہر کرتا ہے۔

کمپنی کو لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشن، 2019 کے مطابق بورڈ میں کم از کم (3) خودمختار ڈائریکٹران کا موجود ہونا ضروری ہے۔ خودمختار ڈائریکٹرز کا انتخاب سیکشن 159 کی دفعہ کی رو سے ڈائریکٹران کے انتخاب کے عمل کے ذریعے کیا جائے گا کمپنیز ایکٹ، 2017، اور:

a۔ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی 166 دفعہ (2) کے مطابق آزادانہ معیار پر پورا اترے۔

b۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 166 (1) کے تحت جیسا کہ مطلوب ہے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (PICG) کے زیر انتظام ڈیٹا بینک سے منتخب کیا جائے گا۔

c۔ ایک خودمختار ڈائریکٹر کی حیثیت سے اپنے فرائض اور ذمہ داریوں کی ادائیگی کے لئے مطلوبہ اہلیت، مہارت اور قابلیت کا حامل ہوگا